ADDENDUM

TO THE NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

K-Electric Limited hereby informs its shareholders that subsequent to the issuance of the Notice of Extraordinary General Meeting (EOGM) dated 04 March 2026, certain developments have occurred which require modification to the said Notice.

Accordingly, the Notice of EOGM shall be read together with the following modifications:

Government of Pakistan's Entitlement for Appointing Directors through Election/Nomination

The Notice earlier stated that the Board had fixed the number of elected Directors at thirteen (13) out of which three (3) Directors had been nominated under Section 165 of the Companies Act, 2017 by the Government of Pakistan (GOP), being the shareholder of the Company. Accordingly, election would be held for the remaining ten (10) Directors.

On 09 March 2026, the GOP conveyed its entitlement for appointment of Directors through an election and/or nomination. It has been further intimated that GOP shall, in exercise of its right, take or communicate its decisions in the context of nomination/election during the process and accordingly shall participate in the manner deemed fit and appropriate by it. Consequently, election shall now be held for thirteen (13) Directors in accordance with Section 159 of the Companies Act, 2017.

Revision in Date of EOGM

In view of the above development, the EOGM of the Company, earlier scheduled to be held on Wednesday, 25 March 2026, shall now be held on **Thursday, 02 April 2026 at 11:30 a.m.** at the same venue and through electronic means/video link facility as stated in the original Notice.

Revised Book Closure

The revised Share Transfer Books closure period of the Company shall now be from **25 March 2026** to **02 April 2026** (both days inclusive) for the purpose of determining entitlement of shareholders to attend and vote at the EOGM.

Transfers received at the Share Registrar of the Company by the close of business on **24 March 2026** will be treated in time for the purpose of attending and voting at the EOGM.

Adjustment of Other Statutory Timelines

- **Revised Timeline for Filing Intentions:** Any person seeking to contest the election of Directors shall now file the notice of intention and other requisite documents at the Registered Office of the Company latest by **19 March 2026** (i.e. 14 days before the EOGM).
- **E-Voting & Postal Ballot:** In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, the timelines for e-voting and the submission of postal ballots shall now commence from **29 March 2026 at 05:00 pm** and will end on **01 April 2026 at 05:00 pm.**
- **Revised Timeline for Depositing Proxies:** Duly completed Proxy Forms must be deposited latest by **31 March 2026 at 11:30 am** (i.e. no later than 48 hours before the EOGM).

All other instructions, terms, and conditions mentioned in the original Notice of EOGM dated March 04, 2026, shall remain valid and effective to the extent they are not inconsistent with this Addendum.

By Order of the Board

Rizwan Pesnani

Chief Risk Officer & Company Secretary

Karachi

Date: **11 March 2026**

غیر معمولی جنرل میٹنگ کے نوٹس کے لیے ضمیمہ

کے۔الیکٹرک لمیٹڈ اپنے حصص یافتگان کو مطلع کرتی ہے کہ 04 مارچ 2026 کو جاری کیے گئے غیر معمولی جنرل میٹنگ (EOGM) کے نوٹس کے بعد بعض نئی پیش رفت ہوئی ہیں جن کے باعث مذکورہ نوٹس میں ترمیم ضروری ہوگئی ہے۔

لہٰذا اب EOGM کے نوٹس کو درج ذیل ترامیم کے ساتھ پڑھا جائے گا:

حکومتِ پاکستان کا انتخاب/ نامزدگی کے ذریعے ڈائریکٹرز مقرر کرنے کا استحقاق

قبل ازیں نوٹس میں بتایا گیا تھا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منتخب ڈائریکٹرز کی تعداد تیرہ (13) مقرر کی ہے، جن میں سے تین (3) ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 165 کے تحت حکومتِ پاکستان (GOP) نے، جو کہ کمپنی کی حصص دار ہے، نامزد کیا ہے۔ لہٰذا باقی دس (10) ڈائریکٹرز کے لیے انتخاب منعقد کیا جانا تھا۔

تاہم 09 مارچ 2026 کو حکومتِ پاکستان نے نامزدگی/ انتخاب کے ذریعے ڈائریکٹرز کی تقرری کے اپنے استحقاق سے آگاہ کیا ہے۔ مزید یہ بھی مطلع کیا گیا ہے کہ حکومتِ پاکستان اپنے حق کے استعمال میں نامزدگی/ انتخاب کے حوالے سے فیصلے اس عمل کے دوران کرے گی یا اس بارے میں آگاہ کرے گی، اور اسی مناسبت سے وہ اپنی صوابدید کے مطابق مناسب طریقے سے اس عمل میں شرکت کرے گی۔

چنانچہ اب کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے مطابق تیرہ (13) ڈائریکٹرز کے لیے انتخاب منعقد کیا جائے گا۔

EOGM کی تاریخ میں ترمیم

مندرجہ بالا پیش رفت کے پیش نظر کمپنی کی غیر معمولی جنرل میٹنگ (EOGM) جو پہلے بدھ، 25 مارچ 2026 کو منعقد ہونا مقرر تھی، اب جمعرات، 02 اپریل 2026 بوقت صبح 11:30 بجے اسی مقام پر منعقد ہوگی، اور اصل نوٹس میں بیان کردہ الیکٹرانک ذرائع/ ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے بھی شرکت ممکن ہوگی۔

بک کلوزر میں ترمیم

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس اب 25 مارچ 2026 سے 02 اپریل 2026 (دونوں دن شامل) تک بند رہیں گی تاکہ یہ تعین کیا جا سکے کہ کون سے حصص یافتگان EOGM میں شرکت اور ووٹ دینے کے حق دار ہوں گے۔

کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو 24 مارچ 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلیاں، EOGM میں شرکت اور ووٹنگ کے مقصد کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

دیگر قانونی مدتوں میں ترمیم

ارادہ جمع کرانے کی نئی مدت:

جو بھی شخص ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہے، وہ اپنے ارادے کی اطلاع اور دیگر مطلوبہ دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں 19 مارچ 2026 تک (یعنی EOGM سے 14 دن قبل) جمع کرائے گا۔

ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ جمع کرانے کی مدت اب 29 مارچ 2026 شام 05:00 بجے سے شروع ہو کر 01 اپریل 2026 شام 05:00 بجے تک جاری رہے گی۔

پراکسی جمع کرانے کی نئی مدت:

مکمل طور پر پُر کیے گئے پراکسی فارم زیادہ سے زیادہ 31 مارچ 2026 بوقت صبح 11:30 بجے تک جمع کرانا ہوں گے (یعنی EOGM سے کم از کم 48 گھنٹے قبل)۔

04 مارچ 2026 کو جاری کیے گئے اصل EOGM نوٹس میں درج دیگر تمام ہدایات، شرائط وضوابط بدستور مؤثر اور قابلِ عمل رہیں گے، بشرطیکہ وہ اس ضمیمہ سے متصادم نہ ہوں۔

کراچی
تاریخ: 11 مارچ 2026

بمطابق حکمِ بورڈ
رضوان پستانی
چیف رسک آفیسر و کمپنی سیکریٹری